www.KitaboSunnat.com

بچوں کی تربیت کے کچھ رہنما اصول

(مختصر میں)

سوشل میڈیا سے ماخوذ

جمع وترتیب (ابوانس) فیاض احمد اعظمی

بسم الله الرحمن الرحيم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اصل مربی تو اللہ تعالیٰ ہی ہے !

اولاد اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے، اولاد کی قدر ان سے پوچھیں جو بے اولاد ہیں، نیک اولاد ہمارے لئے بڑھاپے کا سہارا اور ذخیرہ آخرت ہے، مگر جب یہی اولاد نالائق اور بدتمیز نکل جاتی ہے تو ہمارے لئے وبال جان بن جاتی ہے۔ بچے کورے کاغذ کی مانند ہوتے ہیں، ان پر خوبصورت ڈرائینگ بنانے کا کام والدین کا ہے۔ تربیت اولاد کے اوپر تو مستقل کئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں، اس کے باوجود احقر کو قلم اٹھانے کی ضرورت اس لئے پڑی کہ آج کے مصروفیت والے دور میں لوگوں کو طویل ویڈیو اور مفصل کتابوں کے لئے وقت نہیں، اس لئے احقر نے اس موضوع کو مختصراََ جمع کرنے کی کوشش کی ہے، اس میں مندرج ساری باتیں سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارم سے ماخوذ اور منقول ہیں، اور چند کتابیں جیسے (1) بچوں کی تربیت کیسے کریں؟ سراج الدین ندوی (2) والدین اور اولاد کے حقوق۔ جاوید احمد سیالکوٹی (3) بچوں کی تربیت کے 130 طریقے۔ ڈاکٹر احمد المجید (تفصیل کے لئے ان کتابوں کی طرف رجوع کریں)، اور کچھ عالم دین کے بیانات سے بھی مدد لی گئی ہے۔ اس امید سے کہ اس پر عمل کرکے آپ کو تربیت اولاد میں کچھ مدد ملے گی، اور آپ کی اولاد آپ کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک اور نیک نامی کا ذریعہ بنے گی، اور میرے لئے صدقہ جاریہ ثابت ہوگا۔ صحیح رہنمائی اور ہدایت تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

جمع و ترتیب

(ابوانس) فیاض احمد اعظمی　جولائی 2021

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

باسم . لرحمٰن لرحیم

الحمد. رب العالمین والصلوۃ و السلام علی سید المرسلین

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: قوا انفسکم و اھلیکم نارا، وقودھا الناس و الحجارۃ ؛؛ (التحریم 6)

ترجمہ۔۔ اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔

کلکم راع وکلکم مسئول عن رعیتہ (بخاری 893) والی حدیث کے تحت والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کی اچھی تربیت کریں ورنہ آخرت میں انہیں جواب دینا ہو گا۔

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: "اپنی اولاد کو ادب سکھاؤ، قیامت والے دن تم سے تمہاری اولاد کے بارے میں پوچھا جائے گا کہ تم نے اسے کیا ادب سکھلایا، اور کس علم کی تعلیم دی؛؛ (شعب الایمان للبیھقی 8662)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: ما نحل والد ولدہ من نحل افضل من ادب حسن ؛؛ کسی باپ نے اپنے بیٹے کو حسن ادب سے بہتر تحفہ نہیں دیا۔ (ترمذی 1952) ضعیف

www.KitaboSunnat.com
"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے اکرموا اولادکم واحسنوا ادبھم: اپنی اولاد کی عزت نفس کا خیال رکھو اور انہیں اچھے آداب (واخلاق) سکھاؤ۔(ابن ماجہ 3671) ضعیف

اللہ اور رسول ﷺ سے بہتر کوئی رہنمائی نہیں کر سکتا!

الف۔۔ نیک اولاد کے لئے نیک وصالح، شریف اور پاک دامن ماں کا انتخاب

ب۔۔ نیک وصالح اولاد کے حصول کی دعاء یہ تو بنیاد ہے۔

1☆ بچوں کی صحیح تربیت کرنی ہے تو حمل کے پہلے ہی دن سے کرنی چاہیے ۔

2 ☆ جب عورت حمل سے ہو تبھی سے اپنی سوچ و فکر صحیح رکھے ۔

3☆ اللہ تعالیٰ کے ہر حرام کردہ و ناپسندیدہ فعل سے بچے، اور اللہ ورسول کی اطاعت کو لازم پکڑے۔

4☆ حرام کھانے پینے اور پہننے سے پرہیز کرے ۔

5☆ غیبت، چغلی، فلم بینی اور ناچ گانے سے بچے ۔

6☆ اپنے پسندیدہ قاری کی آواز میں قرات سنے، اور دینی بیانات سے مستفید ہو ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

7☆ اپنی زبان سے ہمیشہ اٹھتے بیٹھتے کام کرتے وقت اللہ کا ذکر کرے ۔

8☆ جب بچہ پیدا ہو جائے تو کسی نیک و صالح سے تحنیک کرائے (گھٹی دے) ۔ (بخاری 5467)

9☆ ساتویں دن عقیقہ کرائے (اگر استطاعت ہو) اور کوئی اچھا نام رکھے ۔(یاد رہے کہ نام کا بچے پر اثر ہوتا ہے) (ترمذی 1513۔ سنن بیہقی)

10☆ شیر خوار بچے کو جب بھی پلائے تو " باسم اللہ ؛ کہے اور جب بچہ پی چکے تو الحمدللہ؛ کہے، بچہ جب (بار بار) سنے گا تو خود بخود بڑا ہو کر اس پر عمل کرے گا۔

11☆ جب بچہ سو رہا ہو تو اسکے سرہانے دھیمی آواز میں قران کی تلاوت / بیان وغیرہ چلا کر رکھ دے، اس سے بچہ قرآن سے مانوس رہے گا ۔

12☆ ناچ گانے کی آواز سے کوسوں دور رکھیں ۔

13☆ بچے کی نیند کا بھی بہت خیال رکھیں، بچے کا دیر تک گہری نیند سونا اس کی جسمانی و ذہنی نشو و نما کے لئے بہت مفید ہے۔

14☆ بچے کو سلاتے وقت سونے کی دعاء اور سو کر اٹھ جائے تو جاگنے کی دعاء سنائے، خواہ بچہ سمجھے یا نا سمجھے ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

15☆ سوتے وقت بچے کے اوپر سورۃ فلق اور سورۃ ناس پڑھ کر دم کرے اور پورے بدن پر ہاتھ پھیرے ۔(بخاری 5748)

16☆ اگر بچہ کچھ بڑا ہوجائے اور کوئی طبی نقصان نہ ہو تو جب پیشاب کرے تو اس کی شرمگاہ پر پانی ڈال دے، جب بچہ بڑا ہوجائے گا تب آپ کو کہنا نہیں پڑے گا ۔

17☆ ڈاکٹر والٹن کا ماننا ہے کہ تین برس کی عمر تک بچے کے اندر تمام جذباتی زندگی کی بنیادیں رکھ دی جاتی ہیں۔

18☆ جب آپ کہیں باہر سے گھر واپس آئیں اور بچہ آپ کو دیکھ کر لپکے اور آپ کی طرف بڑھے تو اسے ضرور اٹھائیں، اسے پیار کریں خواہ بچہ کسی حال میں ہو، بچے کے دل کو ٹھیس نہ پہنچائیں۔

19☆ جب بچہ آپ کی گاڑی دیکھ کر بیٹھنے کی خواہش کرے تو تھوڑی دیر کے لئے ضرور بیٹھائیں ورنہ اسکا دل ٹوٹ جائے گا۔

20☆ اپنے بچوں سے پیار کریں، ان سے خوب باتیں کریں، ان کو یہ احساس نہ ہونے پائے کہ ہمارے والدین کو ہماری فکر ہی نہیں، ورنہ کوئی دوسرا ان پر توجہ دے گا تو بچہ اسی کا ہو کر رہ جائے گا۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

21☆ محبت دل میں رکھنے والی چیز نہیں ہے، اگر آپ کو اپنے بچوں سے محبت ہے تو بچوں سے اس کا اظہار بھی کریں تاکہ بچے اپنے آپ کو محروم نہ سمجھیں۔

22☆ جس طرح پھول سونگھا جاتا ہے کبھی کبھی اپنے بچے کو بھی سونگھیں (مشکوٰۃ 1722) متفق علیہ

23☆ کبھی کبھی بچوں کو اپنی چادر میں بھی گھسائیں۔ (بخاری 3731)

24☆ اپنے بچوں کو چھوئیں، گال پر، سر پر اپنا ہاتھ پھیریں، ان کو بوسہ دیں جیسا کہ آپؐ سے ثابت ہے۔ (بخاری 5998)

25☆ بچہ ابھی بچہ ہے ہر بات نہیں سمجھتا اس لئے کچھ اشارہ سے بھی بتلائیں۔

26☆ جب بچوں سے پیار کریں تو ان کو دعائیں بھی دیتے رہیں۔

27☆ جب بچہ بولنا شروع کر دے تو سب سے پہلے کلمہ (لاالہ الا اللہ) سکھائیں۔ (شعب الایمان 8649) ضعیف

28☆ بچے کو جب تعلیم دیں، یا کچھ سکھائیں، بتائیں تو اللہ تعالیٰ سے ساتھ ساتھ دعاء بھی کرتے رہیں، اصل مربی تو وہی ہے۔

29☆ بچے کو یہ کبھی نہ کہیں کہ تم بے وقوف ہو، تم کسی کام کے نہیں ہو، ورنہ بچہ آگے بڑھنے کے بجائے پیچھے ہی رہے گا۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

30☆ بچوں کو بڑوں کے پاس بٹھایا کریں، اس سے طور طریقہ سیکھیں گے۔

31☆ بچوں کا ذہن دینی بنانے کے لئے کبھی کبھی اس سے کہا کریں کہ " میرا بچہ بڑا ہو کر بڑا عالم، حافظ بنے گا وغیرہ۔

32☆ بچہ جب کچھ لکھے تو اس پر اسکی بھرپور تعریف کریں، خواہ چڑیا کی ٹانگ کی طرح کیوں نہ لکھا ہو، اس سے دوسری مرتبہ اور اچھا لکھنے اور بنانے کی کوشش کرے گا ۔

33☆ بچے کی الگ سے کاپی قلم بنائیں، جو کچھ بھی لکھتا ہے کہیں بھی لکھتا ہے، لکھنے دیں منع نہ کریں، یہ اس کے سیکھنے کی عمر ہے۔

34☆ مائیں تو پہلے خود بولنا سکھاتیں ہیں، اور جب بچہ خوب بولنے لگتا ہے تو کہتی ہیں! کم بولو! بہت بولتے ہو، آپ ایسا نہ کریں، خوب بولنے دیں۔

35☆ چھوٹا بچہ ہر وقت کچھ نا کچھ سیکھنے کی کوشش کرتا رہتا ہے اس لئے جو کر رہا ہے اسے کرنے دیں، بچوں پر ہمیشہ تنقید نہ کریں کہ یہ کیسے ہوا، یہ کیوں کیا وغیرہ

36☆ ہمیشہ اسکی حوصلہ افزائی کریں، کچھ بگڑ جائے یا نقصان ہو جائے تو نہ ڈانٹیں نہ ماریں بلکہ پیار سے سمجھائیں اور اسکی مدد کریں ۔

37☆ بچے کے اندر خود اعتمادی پیدا کریں، کبھی بھی احساس کمتری کا شکار نہ ہونے دیں ورنہ آپ کا بچہ آگے کچھ نہیں کر سکے گا ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

38☆ 3 سے 4 سال تک کی عمر میں ہی بچوں کو اپنے والد کا نام، موبائیل نمبر اور گھر کا پتہ ضرور یاد کرا دیں۔

39☆ بچوں کو خوبصورت اور معزز الفاظ سکھائیں، جیسے محترم، انکل، چچا جان، بھائی جان، پیارے دوست، بہنا، ڈئیر میڈم، استاد محترم وغیرہ۔

40☆ بچوں کو زندگی کا مقصد بتائیں، اگر آپ نے ان کو دین نہیں سکھایا تو کچھ بھی نہیں سکھایا۔

41☆ ان کو بڑی شخصیات اور کامیاب لوگوں سے ملائیں۔

42☆ دین و دنیا کے کامیاب لوگوں کی آپ بیتی اور سوانح حیات پر مشتمل کتابیں لا کر دیں، ان کے واقعات سنائیں۔

43☆ اپنے بچوں کو اچھا سوچنا سکھائیں، منفی سوچ سے بچائیں۔

44☆ بچوں کی ذہنی نشوو نما کے لئے ان کے سامنے پہیلیاں بجھائیں۔

45☆ بچے قصے کہانیوں میں بہت دلچسپی لیتے ہیں، انہیں نصیحت آموز کہانیاں سنائیں، انداز خشک اور خطیبانہ نہ ہو، انداز بچوں کو لبھانے والا ہو۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

46☆ جب بچہ سات سال کا ہو جائے تو اسے نماز کا حکم کریں، اور جب دس سال کا ہو جائے (اور نماز نہ پڑھے) تو ماریں، اس کا بستر الگ کر دیں۔ (ابوداؤد495)

47☆ جب نمازی بنانا ہو تو پہلے صرف ایک نماز کا عادی بنائیں، پھر دو، پھر تین ۔۔۔

48☆ بچے سے یہ نہ کہیں کہ نماز پڑھو ورنہ سیدھے جہنم میں جاؤ گے! بلکہ کہیں کہ۔۔ آؤ ایک ساتھ اکٹھے نماز پڑھیں تاکہ ہم جنت میں بھی اکٹھے ہو جائیں۔

49☆ بچے سے ایسا وعدہ نہ کریں جسے آپ پورا کرنے سے عاجز ہوں، جو وعدہ کریں اسے ضرور پورا کریں، ورنہ بچے آپ کو جھوٹا سمجھیں گے ۔

50☆ بچوں سے کبھی جھوٹ نہ بولیں ورنہ آپ خود ان کو جھوٹ بولنے کی دعوت دینے والے بن جائیں گے ۔

51☆ ان کی تربیت کے لئے خود علم سیکھتے رہیں، ورنہ بچوں کو کیا سکھائیں گے ۔

52☆ اگر آپ کا بچہ کھاتا نہیں، پڑھتا نہیں تو آپ دوسروں کے بچوں کو کھلانے، پڑھانے پر دھیان دیں، دیکھئے آپ کا بچہ بھی کھانا پینا اور لکھنا پڑھنا شروع کر دے گا ۔

53☆ آپ دوسروں کے بچوں کا جتنا خیال کریں گے اللہ تعالیٰ آپ کے بچوں کا اس سے زیادہ خیال کریں گے ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

54☆ اپنے بچوں کے ساتھ ساتھ اس کے دوستوں کی بھی اصلاح کی فکر کریں، کیوں کہ آپ کا بچہ انہیں کے درمیان رہتا ہے اگر دوست صحیح رہیں گے تو آپ کا بچہ بھی گمراہ نہیں ہوگا۔

55☆ بچوں کے لئے جو اصول بنائیں آپ اس پر خود بھی عمل کریں، اس پر قائم رہیں، ورنہ بچہ کسی بات کو اہمیت نہیں دے گا۔

56☆ کسی نصیحت کا فائدہ دیکھنے میں جلدی نہ کریں، اگر اس نے سن لیا ہے تو آج نہیں تو کل ضرور اس پر عمل کرے گا، (ابھی ذہن میں محفوظ کر لیا ہے)۔

57☆ آج بیج بویا کل پھل کہاں سے آئے گا؟

58☆ مار کر تربیت نہیں ہوتی، کیونکہ جب بچہ بڑا ہو جائے گا تو یہ حربہ کام نہیں دے گا، اسے بس خوف دلائیں۔

59☆ بچہ اگر بات نہ مانے تو صرف اسکی طرف دیکھنا چھوڑ دیں۔ (یہ اس کے لئے بہت بڑی سزا ہے)

60☆ بچے کو مارنے سے پہلے سوچیں! کیوں مار رہی ہیں؟

61☆ اگر سزا ہی دینا ہے تو۔۔ ان باتوں کا خیال رکھیں۔۔۔ سزا مناسب وقت میں دیں، تاکہ اس کا اثر ہو، وجہ بتا کر دیں، سزا جرم سے نہ کم ہو، نہ جرم سے زیادہ، سزا

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

روزانہ نہ دیں، مجلس میں نہ دیں، چہرہ پر نہ ماریں اور سزا دینے کے بعد فوراََ پیار نہ کریں، اور ہم عمر ساتھیوں کے سامنے سزا نہ دیں، کسی ایسی غلطی پر سزا نہ دیں جسے وہ غلط سمجھتا ہی نہیں، بچے کو بار بار سزا نہ دیں کبھی چھوڑ بھی دیا کریں، جب سزا دیں تو ساتھ ساتھ لعن طعن نہ کریں۔

62☆ جب بچہ اپنی غلطی سے باز آجائے تو اس پر انعام بھی دیں۔

63☆ سزا بالکل آخری راستہ ہے، سزا صرف مار نہیں ہے، بے رخی اختیار کریں، بولنا بند کر دیں، تسبیح وغیرہ پڑھیں۔

64☆ بچوں کو ان کی غلطی پر مارنا، پیٹنا یہ کوئی حل نہیں ہے، مارنا بھول جائیں، اگر اصلاح کا کوئی طریقہ کارگر نہ ہو تبھی ماریں، یاد رکھیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی دس سال خدمت کی مگر آپ ﷺ نے نہ کبھی مارا، نہ جھڑکا ۔(بخاری 6038)

65☆ یہ نہ بھولیں، جو بچے مار کھاتے ہیں وہ مارنا بھی سیکھ جاتے ہیں، پھر اپنے بھائی بہن پر ہاتھ صاف کرتے ہیں ۔

66☆ اسی طرح جب ہم طاقت کے زور سے بچے سے کوئی کام کرواتے ہیں تو وہ بڑے ہو کر یہی طریقہ اختیار کریں گے ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

67☆ بچے پیدائشی بدتمیز نہیں ہوتے صحیح تربیت نہ ہونے سے یا دوسرے بچوں کے ساتھ رہ کر بدتمیزی سیکھ جاتے ہیں

68☆ کبھی کبھی کسی غلطی پر صرف نام لیکر منع کریں جیسے۔۔انس!انس!!انس!!!

69☆ کسی غلطی پر غصہ نہ کریں، بچہ ہے، کوئی گریجویٹ نہیں، غلطی آپ بھی کرتے ہیں۔

70☆ بچوں کو کم سے کم ستر(70)مرتبہ معاف کریں۔

71☆ کوئی غلطی کرنے کے بعد سچ بتادے تو اسے ہرگز نہ ماریں، ورنہ دوسری بار وہ غلطی کرنے پر کبھی سچ نہیں بولے گا بلکہ جھوٹی کہانی گھڑ کر خود کو بچانے کی کوشش کرے گا۔

72☆ غلطی کے فوراََ بعد ہی بچے سے اعترافِ جرم کرانے کی کوشش نہ کریں۔

73☆ کوئی بھی عادت چھ 6 ہفتے میں آتی ہے اور پختہ ہوتی ہے چھ 6 مہینے میں، اس لئے جلدی نہ کریں۔

74☆ اگر بچے کے دخل اندازی سے کوئی کام نہیں ہوا تو اس سے یہ کبھی نہ کہیں کہ تمہاری وجہ سے میرا یہ کام نہیں ہوا۔

75☆ بچوں کے اندر خود اعتمادی پیدا کرنے کے لئے کبھی اسے بڑا کام بھی کرنے کو دیں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

76☆ اگر بچے کے ساتھ بازار جائیں اور وہ کوئی بری، غلط یا نقصان دہ چیز پسند کرلے تو اس سے یہ نہ کہیں کہ۔۔ نہیں! یہ چیز نہیں دلائیں گے، بلکہ اس وقت دھیان دوسری چیزوں کی طرف کرنے کی کوشش کریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں ، اور جو مناسب ہو وہ دلادیں۔

77☆ بچے کو نفع ونقصان کی چیز ضرور سمجھائیں۔

78☆ اگر بچوں سے کوئی چیز مانگی یا بازار سے منگوایا تو جب لا کر دے تو تعریف کریں کہ تم وہی چیز لائے ہو جو میں چاہتی تھی، ہاں اگر چیز صحیح ہو تو رکھ لے غلط ہو تو پیار سے دوسری منگا لیں ۔

79☆ گھر پر آئے ہوئے مہمان سے بچے کی شکایت کبھی نہ کریں، بلکہ اس کی تعریف ہی کریں۔

80☆ تعریف اور تنقید ایک ساتھ نہ کریں کہ! سب تو بڑا اچھا کیا، بس یہی خراب کر دیا ۔

81☆ بچے سے یہ نہ کہیں، کہ یہ نہیں کھانا ہے یہ کھانا ہے بلکہ جو بہتر ہو اسے پکڑا دیں۔

82☆ بچہ جب کوئی بے کار، یا پرانی بات بتارہا ہو، تب بھی خوب دھیان سے متوجہ ہو کر سنیں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

☆83 (بچے ہیں کچھ بھی سوال کرسکتے ہیں) اگر کبھی کوئی جنسیات سے متعلق سوال کر بیٹھیں تو، نہ تو اہل مغرب کی طرح سب بتا ہی دیں اور نہ ہی ان کو جھڑک دیں، بلکہ ان کو سنجیدگی کے ساتھ عمر کا لحاظ کرتے ہوئے کچھ آسان سا جواب دے دیں۔

☆84 بچے کے ہر کام میں روک ٹوک نہ کریں، اسے کچھ آزاد بھی چھوڑ دیں ۔

☆85 جب آپ کسی سے فون پر مشغول ہوں، یا کسی سے بات کر رہی ہوں، اور اس وقت بچہ آپ کو بلائے تو ضرور سنیں، آپ کا فون آپ کے بچے کے دل سے پیارا نہیں ہے، فون کاٹ دیں، بچے کا دل نہ توڑیں ۔

☆86 جب باہر سے گھر آئیں تو کوئی ناپسندیدہ کام دیکھ کر ڈانٹ، ڈپٹ نہ شروع کر دیں۔

☆87 بچہ جب کوئی چیز باہر سے اٹھا لائے تو پیار سے پوچھیں، کون دیا ؟ کہاں سے لائے ؟

☆88 جب بچے سے کوئی چیز چھپا کر رکھیں، بچہ جب پوچھے تو بتا دیں کہ ہاں ۔۔ چھپایا ہے، اور ساتھ ساتھ وجہ بھی بتائیں ۔

☆89 بچے کے صحیح کام کرنے پر یا اچھی کارکردگی پر انعام بھی دیں، اور بچے کی پسند کا انعام دیں۔

☆90 بچہ جو ماں باپ کو کرتے دیکھتا ہے وہ بھی وہی کرتا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

91☆ خیال کریں کوئی بچے کا الٹا نام نہ رکھے۔

92☆ اپنے بچوں کو، چیزوں کی قدر سے زیادہ انسانوں کی قدر کرنا سکھائیں تاکہ بڑے ہو کر وہ انسانیت کی اہمیت کو سمجھیں ۔

93☆ غروب آفتاب کے وقت چھوٹے بچوں کو باہر نکلنے سے بچائیں، (الحدیث) بخاری 5623

94☆ بچوں کے سامنے دوسروں کی مدد کریں، تاکہ وہ بھی سیکھ جائے، یادرکھیں بچہ وہی کچھ کرتا ہے جو آپ کو کرتے ہوئے دیکھتا ہے ۔

95☆ بچوں کو مل بانٹ کر کھانا سکھائیں ۔

96☆ بچوں کو معذرت کرنا سکھائیں اور معذرت کے الفاظ سکھائیں ، اور اس پر خود عمل کرکے دکھائیں۔

97☆ بچوں سے بات چیت کے بغیر ان پر اپنے فیصلے زبردستی مسلط نہ کریں ۔

98☆ بچوں کی زندگی کے چیلنجز انہیں خود حل کرنے دیں، ناکامی سے بچانے کے بجائے انہیں اتنا ہمت اور حوصلہ دیں کہ وہ بڑے سے بڑے مسئلے میں حواس باختہ نہ ہوں ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

99☆ اپنے بچوں سے یوں کہا کریں کہ : اب سو جاؤ، صبح فجر کے لئے اٹھنا ہے، یوں کہنے سے ان کی نظر ہمیشہ آخرت پر رہے گی ۔

101☆ بچوں کو ابتداء ہی سے چھوٹی چھوٹی ذمہ داریاں دیں ۔

102☆ بچے ان اوقات میں نصیحت زیادہ قبول کرتے ہیں! (الف) سفر کے دوران (ب) سیر و تفریح کے دوران (ج) رات کو سونے سے قبل (د) صبح اسکول جاتے اور واپس آتے وقت۔

103☆ بچوں سے پینٹنگ کروائیں! اس سے ان کی تخلیقی قوت میں اضافہ ہوتا ہے ۔

104☆ بچوں کو بچپن ہی سے تقریر اور بہترین بولنے کی عادت ڈالیں ۔

105☆ بچوں سے چھٹی کے دن کے معمولات منظم کروائیں، چھٹی کے دن جتنے دن کام کرنے ہیں ان کی فہرست بنائیں ۔

106☆ اگر بچہ گر کر یا چوٹ لگنے سے رونے لگے تھوڑی دیر کے لئے ویسے ہی چھوڑ دیں، خود بخود چپ ہو جائے گا۔

107☆ بچوں کو کھیلنے کے لئے کافی وقت مہیا کریں تاکہ ان کی جسمانی صحت بھی برابر رہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

108☆ انہیں مفید اور ذہن کو جلا بخشنے والے کھیلوں میں مشغول رکھیں۔(کھیل میں شریعت کی حدود کا خیال ضروری ہے۔(ابو انس)

109☆ اگر بچہ (آپ کی نگاہ میں) بے کار و بے مقصد چیزیں جمع کر رہا ہے تو اس سے چھین کر پھینک نہ دیں، ہر بچہ اپنی عمر کے حساب سے ہی دل لگی کرتا ہے۔ (ابو انس)

110☆ بچوں کے ساتھ کھیلیں اور کبھی کبھی جیتتے جیتتے ہار بھی جائیں۔

111☆ ہر بچہ سائنسی تخلیقی ذہن لے کر پیدا ہوتا ہے اگر کسی چیز کے بارے میں معلومات حاصل کر رہا ہے تو اس کی رہنمائی کریں۔

112☆ بچہ جب کبھی بیمار ہو جائے تو اس کو بیماری کا احساس نہ ہونے دیں۔

113☆ لڑکوں کو لڑکیوں پر ہرگز ترجیح نہ دیں، یہ گناہ ہے۔

114☆ اگر ایک سے زائد بچے ہوں تو ان کے درمیان برابری اور عدل و انصاف کا معاملہ کریں۔(بخاری 2586، مسلم 4177)

115☆ بچہ اگر شرمگاہ وغیرہ سے کھیل رہا ہو تو پہلے دھیان دوسری طرف کریں، پیار سے سمجھائیں، کیوں کہ اس کو ابھی اچھا یا برا، صحیح و غلط نہیں معلوم، ابھی بچہ ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

116☆ جب کوئی نازیبا، بے حیا حرکت کر رہا ہو تو ابھی سے روکیں، یہ کہہ کر نہ چھوڑیں کہ ابھی تو بچہ ہے۔(ورنہ عادت بن جائے گی)

117☆ بچہ جب دو سال کا ہو جائے تو اس کے سامنے لباس نہ بدلیں۔

118☆ خوش باش بچہ اداس رہنے لگے تو اس کی وجہ معلوم کریں۔

119☆ بچے کو نئے کارٹون یا فلم دکھانے سے پہلے خود دیکھ لیں۔

120☆ بچے کی معصومیت ختم کرنے والی فلمیں، گیم اور کتابیں اس سے دور ہٹا دیں۔

121☆ بچے کیبل، کمپیوٹر اور موبائل پر کیا دیکھتے ہیں؟ اس بات کا خیال رکھیں۔

122☆ بچہ گھر سے نکلے تو آپ کو معلوم ہو کہ وہ کہاں ہے اور کیا کھیل رہا ہے؟

123☆ بچے کو خبر دار کریں کہ کسی اجنبی کی گود میں نہ بیٹھے۔

124☆ بچہ کسی رشتہ دار یا ہمسایہ کے یہاں نہ جانا چاہتا ہو تو اسے ہر گز نہ بھیجیں۔

125☆ بچے کو ٹیوٹر، وین، رکشہ ڈرائیور، قاری صاحب، کسی ہمسائے، دوست یا کزن کے ساتھ کبھی تنہا نہ چھوڑیں، خاص طور سے بچیوں کو۔(مسلم 3272)

126☆ چھوٹی بچیوں کو بلا ضرورت گھر سے باہر نہ جانے دیں۔(احزاب 33)

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

127☆ اگر اپنی بچیوں کو باپردہ دیکھنا چاہتی ہیں تو ان کو شروع ہی سے شرم وحیا والا لباس پہنائیں۔(احزاب 59)

128☆ بلوغت کے نزدیک بچے جب واش روم میں معمول سے زیادہ دیر لگائیں تو ہوشیار ہو جائیں، اور انہیں نرمی سے سمجھائیں ۔

129☆ بچوں کو زیادہ وقت تنہا مت رہنے دیں ۔

130☆ بچوں کے کمرے اور چیزوں کو غیر محسوس طور پر چیک کرتے رہیں ۔

131☆ بچوں کے کمرہ میں جانے سے پہلے ان سے اجازت لے لیں، اس طرح بچوں کو کسی جگہ داخل ہونے سے پہلے اجازت لینے کی عادت پڑ جائے گی۔

132☆ بچوں کے سامنے کبھی نہ لڑیں، آپس میں کتنا ہی اختلاف کیوں نہ ہو بچوں کو یہ محسوس کرائیں کہ ان کے والدین میں بڑی محبت ہے ۔

133☆ بچے سے یہ نہ کہیں کہ بائیں کروٹ مت سویا کرو! بلکہ کہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے سکھایا ہے کہ ہم دائیں کروٹ سویا کریں۔الحدیث (بخاری 6315)

134☆ بچوں کو جگانے کے لئے ان کے اوپر سے چادر ہرگز نہ کھینچیں، آواز دے کر اور پاؤں دبا کر اٹھائیں ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

135☆ بچوں کو جلد سونے اور جلد اٹھنے کی عادت ڈالیں ۔

136☆ بچہ جب پہلی آواز پر بیدار ہو جائے تو اسے شاباشی دیں اور اس کی تعریف کریں ۔

137☆ بچوں کو سلانے کے لئے بلی، چڑیل وغیرہ سے نہ ڈرائیں، ورنہ بچے بزدل بن جائیں گے، شروع ہی سے اللہ تعالیٰ کا خوف دلائیں ۔

138☆ بچے آپ کی نصیحت سے کم، عمل سے زیادہ سیکھتے ہیں ، آپ زبان سے لاکھ نصیحت کریں، اگر خود اچھی مثال قائم نہیں کریں گے تو اولاد صحیح راہ پر نہیں آئے گی ۔

139☆ کسی کسی کام میں بچوں سے بھی رائے لے لیا کریں، بڑے ہو کر ان کو مشورہ کی عادت ہو جائے گی ۔

140☆ بچوں سے اتنا پیار نہ کریں کہ بچے بگڑ جائیں، اور نہ ہی ان کے ناز نخرے اٹھانے میں مبالغہ کریں۔

141☆ بچوں کو کھلاؤ سونے کا نوالہ اور دیکھو شیر کی نگاہ سے ۔(یہ بات مجھے بالکل غلط لگتی ہے، کیونکہ پورے ذخیرہ احادیث میں ایسی کوئی روایت نہیں ملتی، اور نہ ہی مناسب ہے۔ (ابو انس)

www.KitaboSunnat.com

142☆ بچے کا دوست بن کر اس سے دوست جیسا معاملہ کریں تا کہ وہ آپ سے اپنا ہر قسم کا مسئلہ شیئر کر سکے۔

143☆ بچوں سے یہ نہ کہیں کہ اٹھو اور اپنا کمرہ صاف کرو ، کیا جنگل بنا رکھا ہے! بلکہ کہیں کہ بیٹا ! کیا کمرے کی صفائی میں کوئی مدد چاہیے کیوں کہ ہمیشہ تم صفائی اور سلیقہ کو پسند رکھتے ہو۔

144☆ بچے سے یہ نہ کہیں کہ اٹھو اور دانت برش کرو، میں تمہیں حکم دے رہی ہوں، بلکہ کہیں کہ میں تم سے بہت خوش ہوں، کیوں کہ تم ہمیشہ میرے کہے بغیر دانت صاف کر لیتے ہو۔

سنئیے!

آپ کا بچہ آپ سے کچھ کہہ رہا ہے!!

1☆ جب میں کوئی اچھا کام کروں تو میری حوصلہ افزائی کریں، مجھے کوئی انعام بھی دیں۔

2☆ مجھ سے جو وعدہ کریں اسے ضرور پورا کریں ۔

3☆ مجھے میرے دوستوں میں معزز بنائیں، کوئی چیز زیادہ مقدار میں لائیں جو میں ان کے ساتھ بیٹھ کر کھاؤں ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

4☆ جب مجھ سے کوئی غلطی ہو تو ، پلیز ! مجھ پر چیخیں چلائیں نہیں، نرمی سے مجھے میری غلطی بتائیں۔

5☆ چھٹی کے دن مجھے بھی بہن بھائیوں کے ساتھ تفریح پر لے جائیں ۔

6☆ سزا دیتے وقت یہ بتانا نہ بھولیں کہ سزا کیوں دی جا رہی ہے ؟

7☆ مجھے نکما، گدھا، بے وقوف اور نالائق کہہ کر نہ پکاریں ۔

8☆ مجھ سے چیزیں چھپا چھپا کر نہ رکھیں، اس سے میں چوری کی طرف آسکتا ہوں ۔

9☆ مجھے اچھی کہانیاں سنانے کے لئے ضرور وقت نکالیں ۔

10☆ اپنے دوستوں سے ملنے جائیں تو ممکن ہو تو مجھے بھی لے جائیں ۔

11☆ مجھے سب کے سامنے برا بھلا نہ کہیں، تنہائی میں سمجھائیں ۔

12☆ میرے سوالات کا کیسے ہی ، کیوں نہ ہو، نرمی سے جواب دیں، غصہ نہ کریں ۔

13☆ آپ دونوں میرے سامنے آپس میں نہ جھگڑیں ۔

14☆ مجھے دوسروں سے مقابلہ کرکے نہ بتائیں کہ فلاں تو ایسا اور فلاں ایسا ہے ۔

15☆ مجھ پر تنقید آہستہ مگر تعریف بلند آواز میں کریں ۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

16☆ میرے ماتھے پر آپ کا بوسہ مجھے فخر سے بھر دیتا ہے ۔

17☆ آپ یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ آپ بھی کبھی بچے تھے ۔

ماخوذ ۔۔ از ترجمان القرآن

نوٹ !!

اگر آپ بچوں کو حرام کھلاتے اور حرام پہناتے ہیں تو معاف کریں! یہ ساری نصیحتیں آپ کے لئے بے کار ہیں ۔

وما علینا الا البلاغ المبین

آپ کے بچوں کا خیر خواہ۔۔ (ابوانس) فیاض احمد اعظمی